تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت

K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 - 042-35856304 فیکس 042-35834000

E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org


تنظیم اسلامی

8 جون 2018ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر) انتخابی اُمیدواروں کے لیے سپریم کورٹ کی عائد کردہ صادق اورامین ہونے کی شرط قابل صد تحسین ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے اپنے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ اُمیدواروں کے لیے ہرطرح کا حلفہ نامہ ختم کرنے کا سابق اسمبلی کا اقدام ملک وقوم کے ساتھ انتہائی ظلم اور ناانصافی پرمبنی اقدام تھا۔اس سے بددیانت اور بدعنوان افراد کا اسمبلیوں پر قبضہ ہوجاتا۔قوم اور ملک پہلے ہی طبقہ اشرافیہ کی لوٹ کھسوٹ کا شکار ہیں۔ان حالات میں پرانے فارم کو تبدیل کرنا حکمران طبقہ کو لوٹ کھسوٹ کی کھلی چھوٹ دینے کے مترادف تھا۔لیکن شکر ہے کہ سپریم کورٹ کی برموقع مداخلت نے ملک و قوم کو مزید تباہی سے بچالیا۔انہوں نے کہا کہ انتخابی اُمیدواروں کے لیے ایسی شرائط لازمی ہونی چاہییں جو انہیں کڑے احتساب کا ہروقت احساس دلائے رکھے۔انہوں نے بھارت کی پاکستان پر آبی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدوں سمیت تمام بین الاقوامی ضابطوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہورہا ہے جو کہ انسانیت کے خلاف ایک سنگین جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشن گنگا اور دیگر ڈیم بنا کر پاکستان کی سلامتی پر حملہ کیا گیا ہے جس کے خلاف پاکستان کو پوری دنیا میں بھرپور آواز اُٹھانی چاہیے اور اپنے تمام تر سفارتی اور حکومتی وسائل بروئے کار لاکر بھارت کے عزائم ناکام بنانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ہنگامی بنیادوں پر ڈیم بنانے اور قومی سطح پر مربوط واٹر پالیسی بنانے کی ضرورت ہے۔

جاری کردہ


ایوب بیگ مرزا

(ایوب بیگ مرزا)

ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی

0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: June 8, 2018**

## "The condition of "Sadiq" and Ameen" endorsed and revitalized for all election candidates by the Supreme Court of Pakistan is a praiseworthy step."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The condition of "Sadiq" and Ameen" endorsed and revitalized for all election candidates by the Supreme Court of Pakistan is a praiseworthy step."**

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer said that the decision made by the previous assembly to remove any need for a sworn statement or affidavit for election candidates was unjust and biased, along with being detrimental for the nation as a whole. He added that it would have made easy for corrupt and immoral people to take control of the assemblies. The country, he remarked, was already under siege by the ruling elite of Pakistan and being looted and plundered without shame. The Ameer said that under these circumstances allowing the ruling elite to contest the general elections without any check and balance, as proposed in the election form approved a few months back, would have been nothing short of giving a license to loot and plunder the country further. He said that thanks to the decision of the Supreme Court it appeared now that the country had been saved from further erosion in that particular context. The Ameer reiterated the need to have such strict laws and other measures of accountability in place in order to keep the candidates for elections honest to their faults at all times.

While condemning the "water war" being waged by India against Pakistan, the Ameer said that by blatantly violating all international agreements and procedures including the Indus Water Treaty of 1960, India was responsible for usurping the basic rights of the masses of Pakistan and committing an unembellished crime against humanity. He said that India had actively threatened the national security of our country by building the Kishanganga and other dams and it was the responsibility of the government and state institutions of Pakistan to raise voice against this atrocity at all international forums and use all diplomatic and other measures in order to defeat the nefarious designs of the Indian government. The Ameer concluded by stressing the importance for Pakistan to build dams on an emergency basis as well as to develop a comprehensive Water Policy.


**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem e Islami, Pakistan**